مقاماتِ اولیاء

مصنفہ
صاحبزادہ سید افتخار الحسن



ملنے کا پتہ:- مکتبہ رشد و ہدایت" طارق آباد لائلپور

مقاماتِ اولیا

مُصنّفہ

صاحبزادہ سیّد افتخار الحسن

مکتبہ رُشد وھدائیت
طارق آباد ، لائل پور

فرماتے ہیں۔

حب درویشاں کلید جنت است
دشمن ایشاں سزائے لعنت است

کہ فقیروں اور درویشوں کی محبت جنت کی کنجی ہے۔ اور ان کا دشمن و مخالف اور ان سے عداوت و بغض رکھنے والا لعنت کا مستحق ہے۔ نہیں نہیں بلکہ عذاب و عتاب کا حقدار ہے۔ مشکوٰۃ شریف صـ۵۸۲

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے نبی کریم علیہ السلام سے سنا ہے آپ نے فرمایا

اَلْاَبْدَالُ یَکُوْنُوْنَ بِالشَّامِ وَھُمْ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا کُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ رَجُلًا یُسْتَقٰی بِھِمُ الْغَیْثُ وَیُنْتَصَرُ بِھِمْ عَلَی الْاَعْدَاءِ وَیُصْرَفُ عَنْ اَھْلِ الشَّامِ بِھِمُ الْعَذَابُ

کہ ملک شام میں ہر زمانے میں چالیس ابدال موجود رہتے ہیں۔ اور جب ان میں سے کوئی وفات پا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا بنا دیتا ہے۔ اور ان کے کام یہ ہیں کہ بارش برساتے ہیں۔ دشمنوں کے مقابلے میں مدد کرتے ہیں۔ اور شام والوں پر سے عذاب کو روکتے ہیں۔

پاکستان کے گستاخ اور بدعقیدہ مولویوں کو امام الانبیاء علیہ السلام کی اس حدیث پاک پر غور کرنا چاہیئے کہ حضور علیہ السلام نے کس انداز اور کھلے الفاظ میں اولیاء اللہ کے تصرفات کو بیان فرما دیا ہے۔ کہ یہ بارش برساتے ہیں۔ دشمنوں کے مقابلے میں مسلمانوں کی امداد کرتے ہیں۔ اور عذاب الٰہی کو روکتے ہیں۔

عارف رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

اولیاء راہست قدرت از الٰہ
تیر جستہ باز گرداند ز راہ

کہ ان اولیاء اللہ میں اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی اتنی قدرت ہوتی ہے کہ کمان سے